www.Padasalai.Net www.Trb Tnpsc.Com

# Sample Question Paper (2023–24)
## Subject: Urdu Course B
## Class X
## Code (303)

**Time: 3 Hours** **M. M. 80**

## (Section - A) (حصہ–الف)

**سوال1: مندرجہ ذیل اقتباسات کوغور سے پڑھیےاوراس سے متعلق سوالوں کے جواب لکھیے۔** **10**

(الف)

رضیہ سلطان ہندوستان کی پہلی ملکہ تھی جو دلّی کے تخت پر بیٹھی۔ وہ دہلی کے بادشاہ التمش کی بیٹی تھی۔ اپنے بہن بھائیوں میں رضیہ سب سے زیادہ ذہین، محنتی اور ہوشیار تھی۔ باپ نے اپنی زندگی ہی میں اسے اپنا جانشین مقرر کر دیا، وہ جانتا تھا کہ بیٹے عیش پسند ہیں، بیٹی کے علاوہ کوئی اور حکومت چلانے کی صلاحیت نہیں رکھتا تھا۔ اس نے اپنے آخری دنوں میں چاندی کے سکّے پر رضیہ سلطان کا نام بھی شامل کرلیا تھا۔ تخت نشیں ہونے پر رضیہ نے عہد کیا کہ ''میں عوام کی بھلائی اور سلطنت کی ترقی کے لیے کام کروں گی۔ میں اس وقت تک چین سے نہیں بیٹھوں گی جب تک یہ ثابت نہ کردوں کہ مردوں سے کم نہیں''۔

1- رضیہ سلطان کس کی بیٹی تھی؟

2- رضیہ سلطان کس ملک کی ملکہ تھی؟

3- رضیہ سلطان کی کیا خوبیاں تھیں؟

4- تخت نشین ہونے پر رضیہ نے کیا عہد کیا؟

5- رضیہ سلطان کے بھائی کیسے تھے؟

(ب)

تعریف اس خدا کی جس نے جہاں بنایا
کیسی زمیں بنائی کیا آسماں بنایا
مٹی سے بیل بوٹے کیا خوش نما اگائے



Kindly Send me Your Key Answer to Our email id - Padasalai.net@gmail.Com

پہنا کے سبز خلعت ان کو جواں بنایا
سورج سے ہم نے پالی گرمی بھی روشنی بھی
کیا خوب چشمہ تو نے اے مہرباں بنایا
یہ پیاری پیاری چڑیاں پھرتی ہیں جو چہکتی
قدرت نے تیری ان کو تسبیح خواں بنایا
رحمت سے تیری کیا کیا ہیں نعمتیں میسر
ان نعمتوں کا تجھ کو ہے قدر داں بنایا

1- اس نظم کے شاعر کا نام لکھئے۔
2- جس نظم میں خدا کی تعریف کرتے ہیں اسے کیا کہتے ہیں؟
3- خدا نے مٹی سے کیا اگائے ہیں؟
4- چڑیاں کس کی تسبیح بیان کرتی ہیں؟
5- خلعت اور چشمہ کے کیا معنی ہیں؟

**سوال2: درج ذیل غیر درسی اقتباسات کو غور سے پڑھیے اور ان پر مبنی سوالات کے جواب لکھئے۔ 10**

(الف)

''پندرہویں صدی اور سولہویں صدی میں ہندوستان میں دو بڑے مشہور ریفامر سنت کبیر اور بابا گرونا نک تھے۔ کبیر ضلع بستی کے رہنے والے تھے۔ وہ بے لوث عبادت اور سچی روحانیت کا پیغام لے کر اٹھے تھے۔ ان کے دوہے آج بھی خاص و عام لوگوں میں یکساں مقبول ہیں اور دکھے ہوئے دلوں پر مرہم کا کام کرتے ہیں۔ گرونا نک نیکی اور پاک بازی کا نور بن کر پنجاب کی زمین سے ابھرے۔ ان کی روحانی آواز نے خدا پرستی اور کھری انسانیت کا عام پرچار کیا۔ کبیر کا زیادہ تر کلام پوربی زبان میں ہے جو ان کے علاقے کی زبان تھی۔ گرونا نک کی تعلیمات اور شاعری پنجابی زبان میں ہے لیکن ان دونوں کے کلام میں خاص بات یہ ہے کہ دونوں کے یہاں انسان دوستی عالمی امن اور خیر سگالی اور وطن کی محبت کے جذبات ہیں۔ دونوں نے ان کی اخلاقی قدروں کی تعلیم دی ہے۔

1- کبیر اور گرونا نک کا زمانہ کون سا تھا؟
2- کبیر کی شہرت کی وجوہات کیا کیا ہیں؟



Kindly Send me Your Key Answer to Our email id - Padasalai.net@gmail.Com

3- گرونانک نے کس چیز کا پرچار کیا؟

4- گرونانک کی تعلیمات اور شاعری کس زبان میں ہیں؟

5- گرونانک اور کبیر کے کلام کی خاص خوبیاں کیا ہیں؟

(ب)

آتا ہے یاد مجھ کو گزرا ہوا زمانہ
وہ باغ کی بہاریں وہ سب کا چہچہانا
آزادیاں کہاں وہ اب اپنے گھونسلے کی
اپنی خوشی سے آنا اپنی خوشی سے جانا
لگتی ہے چوٹ دل پر آتا ہے یاد جس دم
شبنم کے آنسوؤں پر کلیوں کا مسکرانا
وہ پیاری پیاری صورت وہ کامنی سی مورت
آباد جس کے دم سے تھا میرا آشیانہ
آتی نہیں صدائیں اس کی میرے قفس میں
ہوتی میری رہائی اے کاش میرے بس میں

1- پرندہ کو کیا یاد آتا ہے؟

2- لفظ ''آزادی'' کا متضاد لکھئے۔

3- دل پر چوٹ کیوں لگتی ہے؟

4- پرندے کا آشیانہ کس کے دم سے آباد تھا؟

5- 'آزادیاں کہاں وہ اب اپنے گھونسلے کی' اس شعر کا دوسرا مصرع لکھئے۔

## Section B (حصہ-ب)

سوال3: مندرجہ ذیل عنوان پر کم سے کم ۲۵۰ الفاظ پر مشتمل مضمون لکھئے۔ 10

قومی تہوار

سوال4: پرنسپل کے نام دو دن کی چھٹی کی درخواست لکھئے۔ مناسب وجہ بھی لکھئے۔ 5



Kindly Send me Your Key Answer to Our email id - Padasalai.net@gmail.Com

یا

اسکول کی فیس جمع کرنے کے لیے والد کو خط لکھ کر روپے منگوایئے۔

سوال5: رتن سنگھ کی ادبی خدمات پر مختصر نوٹ لکھئے۔ 5

یا

انٹرنیٹ کے فائدے پر روشنی ڈالئے۔

سوال6: میر تقی میرؔ کی حالاتِ زندگی پر رونی ڈالئے۔ 5

یا

ساحرؔ لدھیانوی کی شاعری پر اختصار کے ساتھ روشنی ڈالئے۔

## (Section C) (حصہ-ج)

سوال7: درج ذیل سوالات کے متبادل جوابات میں سے صحیح جواب تلاش کر کے لکھئے۔ 16

1- وہ فعل جس کا فاعل معلوم نہ ہو اسے کیا کہتے ہیں۔

(الف) فعل معروف (ب) فعل مجہول (ج) فعل لازم (د) فعل ناقص

2- وہ لفظ جس سے کسی کام کا کرنا یا ہونا ظاہر ہو اسے کیا کہتے ہیں؟

(الف) فعل (ب) صفت (ج) ضمیر (د) اسم

3- لفظ شکست کا متضاد ہے۔

(الف) فاتح (ب) فتح (ج) ہار (د) فتوح

4- لفظ آلات کا واحد ہے۔

(الف) عالہ (ب) آلا (ج) آلہ (د) آلام

5- ذیل کے الفاظ میں مذکر الگ کیجئے۔

(الف) ملکہ (ب) بیٹی (ج) بہن (د) عالم

6- مندرجہ ذیل میں سے کس لفظ میں سابقہ کا استعمال ہوا ہے؟

(الف) خوش قسمت (ب) گل دان (ج) مہک دار (د) سخن ور

7- مندرجہ ذیل الفاظ میں جمع لفظ کی نشاندہی کیجئے۔



Kindly Send me Your Key Answer to Our email id - Padasalai.net@gmail.Com

(الف) روح　　(ب) مکان　　(ج) اشجار　　(د) افسر

8- ہم آواز الفاظ کو کہتے ہیں۔

(الف) ردیف　　(ب) قافیہ　　(ج) مطلع　　(د) مقطع

**سوال8: درج ذیل محاوروں کو جملوں میں استعمال کیجئے۔** **4**

ہتھیار ڈالنا، بھیس بدلنا، دل باغ باغ ہونا، دانتوں تلے انگلیاں دبانا

## (حصہ-د) (Section D)

**سوال9: درج ذیل سوالات کے جواب دیجئے۔** **6**

1- ڈاکٹر امبیڈکر کا پورا نام کیا تھا؟ ان کا تعلق کس خاندان سے تھا؟

2- ژالہ باری سے کیا نقصانات ہوئے؟

3- بے تکلفی مضمون کا مرکزی خیال لکھئے۔

**سوال10: درج ذیل سوالات کے مختصر جواب دیجئے۔** **2**

1- اردو زبان کہاں پیدا ہوئی؟

2- رضیہ سلطان نے کتنے سال حکومت کی؟

**سوال11: درج ذیل سوالات کے مختصر جواب دیجئے۔** **4**

1- گلہری ایسا کون سا کام کر سکتی ہے جو پہاڑ نہیں کر سکتا؟

2- حمد کے آخری شعر میں کارخانے سے کیا مراد ہے؟

**سوال12: درج ذیل سوالات کے مختصر جواب دیجئے۔** **3**

1- مندرجہ ذیل شعر میں کس صنعت کا استعمال کیا گیا ہے؟

نازکی اس کے لب کی کیا کہیے
پنکھڑی اک گلاب کی سی ہے

2- درج ذیل شعر کس شاعر کا ہے؟

موت کا ایک دن معین ہے
نیند کیوں رات بھر نہیں آتی



Kindly Send me Your Key Answer to Our email id - Padasalai.net@gmail.Com

www.Padasalai.Net